This question paper contains **3** printed pages]

B—450—2019

FACULTY OF HUMANITIES

B.A. (First Year) (First Semester) (Backlog) EXAMINATION

OCTOBER/NOVEMBER, 2019

URDU

Paper I (Optional)

(Dastan aur Afsana)

(Theory+MCQ)

(Thursday, 28-11-2019) **Time : 10.00 a.m. to 12.00 noon**

Time—Two Hours *Maximum Marks*—40

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(Theory)

۱۔ درج ذیل میں سے کوئی دو کی بحوالہ متن تشریح کیجیے : ۱۰

(۱) جب سے یہ عورت آئی تھی اس نے خاندان میں تمدن کی بنیاد ڈالی تھی۔ پسائی کر کے گھاس چھیل کر وہ سیر بھر آٹے کا بھی انتظام کر لیتی اور ان دونوں بے غیرتوں کا دوزخ بھرتی۔

(۲) بعض پاگل ایسے بھی تھے جو پاگل نہیں تھے۔ ان میں اکثریت ایسے قاتلوں کی تھی جن کے رشتہ داروں نے افسروں کو دے دلا کر پاگل خانے بھجوا دیا تھا کہ پھانسی کے پھندے سے بچ جائیں۔

(۳) جب باپ کے سامنے دسترخوان لگاتی تو اس انداز سے کھلاتی اور کھاتی کہ معلوم ہوتا کہ صرف دال روٹی ہی سامنے نہیں ہے بلکہ انواع اقسام کی نعمتیں دسترخوان پر چُنی ہیں۔

P.T.O.

۲۔ داستان کی تعریف بیان کرتے ہوئے اسکے آغاز و ارتقاء کا بتدریج جائزہ لیجئے۔ ۱۰

یا

''سیر پہلے درویش کی'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۳۔ افسانہ ''نور و نار'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔ ۱۰

یا

افسانہ ''کفن'' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(MCQ)

۴۔ تمام معروضی سوالات کے جوابات مطلوب ہیں : ۱۰

(۱) مافوق الفطرت عناصر کی کثرت کس صنفِ نثر کی خصوصیت ہے ؟

(A) ناول (B) داستان

(C) مضمون (D) خاکہ نگاری

(۲) پہلا درویش کس ملک کا رہنے والا تھا ؟

(A) چین (B) فارس

(C) یمن (D) آزر بائیجان

(۳) میرامن کا تعلق کس کالج سے تھا ؟

(A) دلی کالج (B) فورٹ وِلیم کالج

(C) کلکتہ کالج (D) ممبئی کالج

(۴) ''باغ و بہار'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) میرامن (B) رجب علی

(C) عبدالحلیم شرر (D) للّو لال

(۵) پہلے درویش کی بہن نے بھائی کو کیا مشورہ دیا ؟

(A) کھانے (B) سونے

(C) تجارت (D) تعلیم

(۶) مادھو کس افسانہ کا کردار ہے ؟

(A) چوتھی کا جوڑا (B) نورونار

(C) ٹوبہ ٹیک سنگھ (D) کفن

(۷) افسانہ ''نور و نار'' میں مولانا کی بیٹی کا کیا نام ہے ؟

(A) حمیدہ (B) زکیہ

(C) کبریٰ (D) احمدی

(۸) ''چوتھی کا جوڑا'' کس خاتون افسانہ نگار کا شاہکار افسانہ ہے ؟

(A) رضیہ سجّاد ظہیر (B) قرۃ العین حیدر

(C) عصمت چغتائی (D) واجدہ تبسّم

(۹) منٹو کی کہانی ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کس واقع سے متعلق ہے ؟

(A) قحط سالی (B) ملاحوں کی بغاوت

(C) تقسیم ہند (D) دوسری جنگ آزادی

(۱۰) دیہاتی زندگی پر کس نے افسانے لکھے ہیں ؟

(A) عصمت چغتائی (B) منٹو

(C) پریم چند (D) کرشن چندر